نقوش محبت
امین برادرز، کراچی

این کتاب بیمثل و بینظیر محمولہ نقوش از پُرتاثیر

یعنی

نقوشِ محبت

مرتب

السیّد رضی حسین رضی جونپوری

پتہ

امین برادرس ناشران / تاجران کتب B - P / ۱۴۵ آرام باغ روڈ کراچی ۱

ہدیہ - ۵۵۵

فہرست کتاب ہذا

★ ★ ★

یہ ایک حقیقت ہے

واقعی یہ ایک حقیقت ہے کہ میں جناب سید رضی حسین صاحب قبلہ کی تالیفات پر اپنی رائے کا اظہار کرنے کیلئے قلم کو صفحۂ قرطاس پر گردش دوں اس لئے کہ اس منزل میں موصوف کا تجربہ جس قدر وسعت اختیار کر چکا ہے وہ محتاج بیان نہیں اور پھر جس منزل پر وہ اس عملیاتی دنیا میں گامزن ہیں اس کی دسترس میں سے مجھ ایسے انسان قاصر نظر آتے ہیں یہ دوسری اور سب سے بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ اب تک جس قدر تالیفات میں رضی صاحب کی شائع کر چکا ہوں وہ سب کی سب مثل مشک وعنبر کے خوشبو دیتی ہوئی ہوائے خوشگوار کی جلو داری میں دوش پیغام رساں پر سوار تا ایندم تحریری طور پر آپ حضرات سے خراج تحسین حاصل کر رہی ہیں جس کے معنی یہ ہوئے کہ اگر ان کتابوں سے صاحبانِ ضرورت نافع نہ ہوتے تو کبھی بھی رضی صاحب کی تالیفات کی تعریف میں مثل عندلیب خوش بیان رطب اللسان نظر نہ آتے۔ زیر نظر کتاب بھی رضی صاحب کی بہت بڑی کاوشوں کا نتیجہ ہے جو نقوش کی صورت میں آپ کے سامنے موجود ہے اور جنہیں مستند اور ضخیم کتابوں کی کافی ورق گردانی کے بعد اس تصدیق کے ساتھ کہ یہ سب نقوش عاملین سابق وموجودہ کے آزمودہ تجربات میں سے ہیں سپرد قلم کئے جا رہے ہیں ان میں سے چند ایک پر رضی صاحب کا تجربہ بھی خود شہادت دیتا ہے جس کا اظہار وہ

خود بھی ایک کتاب ... کر رہے ہیں ان کی تالیفات میں سب سے بڑی خوبی میں نے
پائی ہے کہ دوران عمل خطرات پیش آمدہ کا شروع ہی میں یہ سب سے پہلے اظہار
کر دیتے ہیں اس سے بہت بڑا فائدہ میں یہ متصور کرتا ہوں کہ شائق عملیات ان
خطرات کی نوعیت سے سب سے پہلے آگاہ ہو جاتا ہے جو اسے دوران عمل پیش
آنے والے ہیں اس لئے اس کو ان پر غور کرنے کے لئے کافی موقع ملتا ہے اور
اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اگر وہ اس قسم کے عملیات کی چلہ کشی
کی ہمت اپنے میں پاتا ہے تو اس پر عمل پیرا ہوتا ہے ورنہ کنارہ کش ہو جاتا ہے
اور عملیات کی دوسری صورتیں اپنے مطلب براری کے لئے اختیار کرتا ہے
اس بہت سے اس کی آرزو بھی پوری ہو جاتی ہے اور اسے کوئی نقصان
بھی نہیں ہوتا۔ اب بات دوسری ہے کہ تدابیر ثانی کے اختیار کرنے کی وجہ
سے آرزو کی تکمیل دیر میں ہو۔

علاوہ ازیں کہ ان میں ایک یہ بھی وصف ہے کہ کتاب عملیات کے ناظر
کو قواعد عامہ کے سمجھانے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھتے اور اس کے تکمیل کی
ترغیب دیتے رہتے ہیں تاکہ وہ منزل ناکامی سے ہم کنار نہ ہونے پائے مجھے
یقین ہے کہ یہ کتاب بھی ان کی اور کتابوں کی طرح آپ سے خراج تحسین
حاصل کرے گی۔ فقط۔

وہاج الدین قریشی
(اکبر آبادی)

قابل غور

یہ میری عادت ثانیہ ہے کہ جس کتاب کی نشر و اشاعت میں، میں دلچسپی لیتا
ہوں اس کے ابتدائی صفحات میرے خیالات کے ترجمان بن جاتے ہیں اور میرے لئے
ایک ایسا ذریعہ ہے جس کی وساطت سے میں اپنے دل کی آواز آپ تک پہنچا سکوں۔

میرا یہ فعل بہتر ہو یا محض بکواس اس کو تو وہی حضرات بہتر سمجھ سکتے ہیں جن کو
میری اسی قسم کی دوسری کتابوں کے پڑھنے اور میری بکواس کے تحت ان پر عمل کرنے
کا موقع ملا ہوگا۔ بہرحال عوام کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچانے کیلئے اس کو میں نے
اپنا شعار بنا لیا ہے اور اس طریقے سے میں اس وقت تک دستبردار نہیں ہو سکتا جب
تک کہ میری تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری رہے گا میری یہ کوشش ہمیشہ رہی ہے
کہ آپ کے کتابی صفحات بیکار ضائع نہ ہوں اور میں اپنی اس کوشش میں بہت بڑی حد
تک کامیاب بھی ہوں یہی وجہ ہے کہ میں قواعد عامہ اور اس کے تحت جملہ معلومات کو جو
پھر بھی کم ہوتی ہیں ایک ہی جگہ قلمبند نہیں کرتا بلکہ کتاب کے دو حصے کر کے کچھ کو پہلے اور
بقیہ کو دوسرے حصہ میں تحریر کرتا ہوں اور اس طریقہ سے آپ کو زیادہ سے زیادہ روحانی
نسخے ایک مختصر سے ہدیہ پر ایک وقت میں مل سکتے ہیں چنانچہ اسی جذبہ کے تحت آپ کو
میری کتابوں میں پیراگراف بھی کم سے کم ملیں اور یہی وجہ ہے کہ کتاب کے پہلے
گنجینہ الف میں جو معلومات مثلاً منازل قمر سیر آفتاب بروج مطالع ساعات ...
جلالی و جمالی ساعات اشراط محبت و عمل تسخیر دوستی دشمنی کواکب مزدور عقرب ...

ادارہ تحفۃ الگیلانی میں مندرجہ ذیل کتب دستیاب ہیں۔

۱) اعمال مصر
۲) عاملین مراکش
۳) جادو جنات کا خاتمہ
۴) عملیات روحانی تشخیص و استخارہ
۵) عملیات شادی و نکاح
۶) محبت زوجین
۷) اعمال حب
۸) عملیات شر و بندش
۹) روحانی مجربات حصہ دوم
۱۰) روحانی مجربات حصہ چہارم
۱۱) روحانی مجربات حصہ پنجم
۱۲) روحانی مجربات حصہ ششم
۱۳) حب کے پھول
۱۴) سورہ کوثر کی طاقت

whatsapp : 03454722517

زکوٰۃ حروف تہجی وغیرہ وغیرہ میں تحریر کر چکا ہوں وہ اس کتاب میں آپ کو کہیں نہیں حاصل ہوں گی چنانچہ ان سے آگاہی کیلئے آپکو کتاب گنجینہ الفت کی ضرورت ہوگی اور آپ مختصر ہدیہ پر ہوا یک ہی وقت میں آپ پر بار نہ ہو بلا آسانی حاصل کر سکتے ہیں بڑی چھان بین اور کافی ورق گردانی کرنے کے بعد میں اس کتاب کو مرتب کر رہا ہوں جو نقوش اس کتاب میں تحریر کئے گئے ہیں عاملین کے آزمودہ ہیں اور چند ایک میرے تجربے میں آچکے ہیں اس کتاب کی ترتیب ایک ہے عنوان سے حسب ذیل ابواب پر منقسم ہے۔ باب نقوش محبت۔ باب نقوش نفرت۔ باب نقوش عداوت باب نقوش ہلاکت۔ باب نقوش صحت و دیگر ابواب منفرق و قواعد عامہ وغیرہ باب قواعد عامہ میں علاوہ مندرجہ بالا معلومات کے وہ تمام قاعدے ضبط تحریر میں لائے گئے جن ضرورت اس منزل میں لازمی طور پر ہر مبتدی کو پیش آتی ہے اور جن کو ترک کرنے سے کامیابی اور فائدہ کو کجا جان لیوا نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے لہذا میں عملیات کے ہر نو آموز شائق سے پرزور الفاظ میں گذارش کروں گا کہ وہ قواعد عامہ کے دامن کو ہاتھوں سے نہ چھوڑیں اور اس کی پوری پوری پابندی کرتے ہوئے چلہ کشی وغیرہ کے لئے تیار ہوں تاکہ انہیں کسی مقام پر نقصان سے دوچار نہ ہونا پڑے۔

میرے چند جملے قابل غور ہیں جن کا صمیم قلب سے مطالعہ کرنے کی ضرورت ہے۔ والسلام

ناچیز
رضی جونپوری

باب ۱

بیان بابت قواعد عامہ و طریقہ خانہ پری نقش

کسی کام کی ابتداء سے پہلے ہر کس و ناکس کو جو کام کہ وہ شروع کرنا چاہتا ہے ایک اصول اور ضابطہ تیار کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے اس لئے کہ اگر قواعد کار نہ مرتب کئے جائیں گے تو پھر وہ کام بحسن وخوبی انجام پا ہی نہیں سکتا کہ وہ بے اصولا کہا جائے گا۔ دوسرے نمبر پر ان اشیاء کی فراہمی کی ضرورت پیش آتی ہے جن سے اس کام کی ابتداء کی جانے والی ہے بعینہ یہی حالت عملیات کی منزل میں چلہ کشی کی ہے عملیات کی ہر منزل کے لئے حکماء نے کچھ آئین وضع فرمائے ہیں جن کا بجا لانا ہر عامل کے لئے ضروری ہے اور میں انہیں کا تذکرہ اس جگہ کر رہا ہوں چونکہ یہ کتاب نقوش سے تعلق رکھتی ہے لہذا میں سب سے پہلے انہیں کا تذکرہ کر رہا ہوں۔ یوں تو نقوش کی اقسام کئی ہیں لیکن اس کتاب میں صرف ان دو نقوش سے کام لیا گیا ہے جو فی زمانہ بہت زیادہ مستعمل ہیں ان ہر دو نقوش کو نقش مثلث اور نقش مربع کہتے ہیں۔ نقش مثلث میں کل ۹ خانے ہوتے ہیں اور نقش مربع سولہ خانے رکھتا ہے۔ ہر دو نقوش عناصر اربعہ کے لحاظ سے بھرے جاتے

ہیں، یہاں پر یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ نقوش کی صحیح خانہ پُری کرنے کیلئے عامل کو شطرنج جو ایک کھیل ہوتا ہے اس کی چالوں سے اچھی طرح واقف ہونا چاہیئے حالانکہ یہ کھیل فعل حرام میں داخل ہے لیکن کھیل کی نیت سے نہیں بلکہ مخلوق خدا کو فائدہ کی غرض سے اگر اسکی چالوں سے آگاہی حاصل کرلی جائے تو میرے خیال سے کوئی ہرج نہیں ہے اگر عامل اس کی چالوں سے واقف نہ ہوگا تو پھر وہ صحت کے ساتھ نقوش کی خانہ پُری کرہی نہیں سکتا اور جب نقش صحیح طور پر بھرا نہیں جائے گا تو وہ نفع بھی نہ پہونچا سکے گا لہٰذا اس بات کا خاص طور پر خیال رکھنے کی ضرورت ہے کہ نقوش کی خانہ پُری غلط طریقہ پر نہ ہونے پائے۔ اب میں طریقہ خانہ پری نقوش مثلث تحریر کررہا ہوں۔

طریقہ خانہ پوری نقش مثلث

درباب خانہ پُری نقش مثلث علماء تحریر فرماتے ہیں کہ قاعدہ خانہ پُری نقش مثلث کا یہ ہے کہ کسی اسم الٰہیہ یا آیت وغیرہ کا اگر نقش عددی بھرنا ہے تو چاہیئے کہ اس نام میں جتنے حروف لکھے جاتے ہیں بہ حساب ابجد قمری ان کے اعداد نکال لے اس سلسلہ میں اس بات کا خیال رکھے کہ حروف مکتوبی کے اعداد حاصل کرے حروف ملفوظی کو چھوڑ دیوے۔ جس کی مثال یہ ہے

مثال حروف ملفوظی:۔ جیسے مظفرّ، م۔ ظ۔ ف۔ ر اس نام میں حرف ملفوظی ف دو ہے۔ پس جب اس نام کا مکتوبی بنا ہوگا تو صورت یہ ہو گی مثال حروف مکتوبی:۔ م۔ ظ۔ ف۔ ر۔ اب اس کے اعداد ابجد قمری کے لحاظ سے اس طرح حاصل کئے، م ۴۰۔ ظ ۹۰۰۔ ف ۸۰۔ ر ۲۰۰ پس جب

یہ اعداد حاصل ہو گئے تو ان کا مجموعہ کیا ۱۲۲۰ ہوئے اب اس مجموعہ میں سے قاعدے کی رو سے بارہ عدد گھٹا دیئے۔ ۱۲۲۰ :- ۱۲ چنانچہ اب میزان اصل ۱۲۰۸ رہی اس بارہ سو آٹھ کو ۳ سے تقسیم کرنے پر آکر باقی بچی ادر ۴۰۲:۲ بار تقسیم ہوا۔ اگر کوئی عدد یا مثالی عدد ۱۵ کا ہوتا جس میں سے قانوناً اگر بارہ کم کئے جاتے تو تین باقی بچتے اور اس تین کو تین سے تقسیم کیا جاتا تو ایک بار تقسیم ہوتا چنانچہ اس ایک کو۔ آتشی آبی، خاکی اور بادی کا لحاظ رکھتے ہوئے نقش مثلث میں اس طرح جگہ دی جاتی۔

آتشی

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

بادی

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

خاکی

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

آبی

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

مثال بالا ان اعداد کے بابت دی گئی ہے جن میں بعد تقسیم کچھ نہ بچے اب میں بالا کی مثال تحریر کررہا ہوں جس میں بعد تقسیم کسر دو بچی ہے اس نقش

مثلث کے ... عدد کسر ... ہیں کسر (۱) اور کسر (۲) چنانچہ علماء فرماتے ہیں
اگر عدد مطلوبہ کی تقسیم میں ایک کی کسر باقی بچے تو خانہ نمبر ۷ میں ایک
عدد زیادہ کرکے لکھے اور اگر دو کی کسر باقی بچے تو خانہ نمبر ۴ میں ایک عدد
زیادہ کرکے لکھے نقش پورا ہوگا مثال حسب ذیل ہے۔

بعد تقسیم جس میں کسر ایک بچی

۴۱۰	۴۰۲	۴۰۷
۴۰۴	۴۰۶	۴۰۹
۴۰۵	۴۱۱	۴۰۳

بعد تقسیم جس میں کسر دو بچی

۴۱۰	۴۰۳	۴۰۸
۴۰۴	۴۰۷	۴۰۹
۴۰۶	۴۱۱	۴۰۳

مزید تشریح اس کی یہ ہے کہ بعد تقسیم بلا کسری جو عدد حاصل بطریق بالا اس کو
پہلے خانہ میں لکھے اور پھر حاصل شدہ اعداد میں ایک عدد کا مزید اضافہ کر
کے اس کو اس خانہ میں لکھے جو خانہ اوّل سے پہلے گھوڑے کی چال پر ہو
پھر اس عدد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کرکے اس عدد کو اس خانہ میں لکھے
جو پہلے گھوڑے کے خانہ سے دوسرے گھوڑے کی چال پر ہو۔ پھر اس عدد میں
مزید ایک عدد کا اضافہ کرکے اس عدد کو اس خانہ میں لکھے جو دوسرے گھوڑے
کے خانہ سے رُخ کی چال پر ہو۔ پھر اس عدد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کرکے
اس عدد کو اس خانہ پر چسپاں کر جو رُخ کے خانہ سے پہلے فرزیں کی چال پر ہو
پھر اس عدد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کرکے اس خانہ میں لکھے جو پہلے
فرزیں کے خانہ سے دوسرے فرزیں کی چال پر ہو۔ اس عدد میں پھر ایک عدد

کا مزید اضافہ کرکے اس عدد کو اس خانہ میں لکھے جو دوسرے فرزیں کے خانہ
رُخ کی چال پر ہو یہ خانہ ساتواں ہوگا۔ پھر اس عدد میں مزید ایک عدد کا
اضافہ کرکے اس عدد کو اس خانہ میں لکھے جو خانہ نمبر ۷ کے رُخ سے تیسرے
گھوڑے کی چال پر ہو یہ خانہ آٹھواں ہوگا۔ اس عدد میں مزید ایک عدد کا
اضافہ کرکے اس آخری عدد کو اس خانہ میں لکھے جو خانہ نمبر ۸ کے گھوڑے
سے چوتھے گھوڑے کی چال پر مزید معلومات کیلئے شطرنجی خانے حسب ذیل ہیں

مثلث بہ چال شطرنجی!

خانہ نمبر ۸ تیسرے گھوڑے کا گھر	خانہ نمبر ۱	خانہ نمبر ۶ دوسرے فرزیں کا گھر
خانہ نمبر ۳ دوسرے گھوڑے کا گھر	خانہ نمبر ۵ پہلے فرزیں کا گھر	خانہ نمبر ۷ دوسرے رُخ کا گھر
خانہ نمبر ۴ رُخ کا گھر	خانہ نمبر ۹ چوتھے گھوڑے کا گھر	خانہ نمبر ۲ پہلے گھوڑے کا گھر

میرے خیال نقش مثلث کے خانہ کو بھرنے کے لئے اس سے زیادہ آسان کوئی
دوسرا اور طریقہ نہ ہوگا۔ اگر آپ عبارت کے ساتھ ساتھ اس نقشہ کو ذہن
میں محفوظ رکھیں گے تو آپ بہ آسانی نقش مثلث کی خانہ پری بغیر مدد غیر سے
کرسکیں گے۔ اب میں اس کے بعد سولہ خانے والا نقش جس کو نقش مربع
کہتے ہیں اس کی خانہ پری کا طریقہ تحریر کر رہا ہوں۔

طریقہ خانہ پُری نقوش مربع

نقش مربع کی خانہ پُری کے حق میں علما ارشاد فرماتے ہیں اسی قاعدہ ابجد قمری سے جیسا کہ طریقہ خانہ پُری نقوش مثلث میں بیان کیا جا چکا ہے اسماء یا آیات کے اعداد حاصل کرے۔ حروف ملفوظی کو چھوڑ دیوے اور حروف مکتوبی کے اعداد نکالے اور ان کا مجموعہ کرے پھر اس میزان میں سے قانون کی رو سے تیس کم کر دے باقی کو چار سے مساویانہ تقسیم کر دے اگر تقسیم پوری ہو گئی ہے یعنی کچھ کسر بعد تقسیم نہیں بچی تو ان سے اس طرح اربعہ عناصر آتش۔ باد۔ خاک اور آب کا لحاظ رکھتے ہوئے نقش مربع کی خانہ پُری کرے کہ پہلا عدد جو بعد تقسیم خارج قسمت سے حاصل ہوا ہے اس کو پہلا خانوں میں سے قرار دیکر اس خانہ میں لکھے پھر اس پہلے خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے اس خانہ میں لکھے جو پہلے خانہ سے پہلے گھوڑے کا گھر ہو اور یہ دوسرا خانہ ہو گا پھر اس دوسرے خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے ان اعداد کو اس خانہ میں لکھے جو پہلے گھوڑے کے گھر سے پہلے فرزیں کی چال پر ہو اور یہ خانہ تیسرا ہو گا۔ پھر اس تیسرے خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے اس کو اس خانہ میں لکھے جو پہلے فرزیں کے گھر سے دوسرے گھوڑے کی چال پر ہو اور یہ خانہ چوتھا ہو گا۔ پھر اس چوتھے خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے اس عدد کو اس خانہ میں لکھے جو گھوڑے کے گھر سے پہلے رُخ کی چال پر ہو اور یہ خانہ پانچواں ہو گا پھر اس پانچوں خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے ان اعداد کو اس خانہ میں لکھے جو

رُخ کے گھر سے تیسرے گھوڑے کی چال پر ہو اور یہ خانہ چھٹا ہو گا۔ پھر اس۔ چھٹے خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے ان اعداد کو اس خانہ میں جمع کرے جو تیسرے گھوڑے کے گھر سے دوسرے فرزیں کی چال پر ہو اور یہ ساتواں خانہ ہو گا۔ پھر اس ساتویں خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے اس عدد کو اس خانہ میں لکھے جو دوسرے فرزیں کے گھر سے چوتھے گھوڑے کی چال پر ہو اور یہ آٹھواں خانہ ہو گا۔ پھر اس آٹھویں خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے اس کو اس خانہ میں لکھے جو چوتھے گھوڑے کے گھر سے تیسرے فرزیں کی چال پر ہو اور یہ نواں خانہ ہو گا۔ پھر اس نویں خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے اس مجموعہ کو اس خانہ میں لکھے جو تیسرے فرزیں کے گھر سے پانچویں گھوڑے کی چال پر ہو اور یہ دسواں خانہ ہو گا پھر اس دسویں خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے اس عدد کو اس خانے میں لکھے جو پانچویں گھوڑے کے گھر سے چوتھے فرزیں کی چال پر ہو اور یہ خانہ گیارہواں ہو گا۔ پھر اس گیارہویں خانے کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے اس مجموعہ کو اس خانہ میں لکھے جو چوتھے فرزیں کے گھر سے چھٹے گھوڑے کی چال پر ہو اور یہ بارہواں خانہ ہو گا پھر اس بارہویں خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے اس کو اس خانہ میں لکھے جو بارہویں خانہ سے رُخ کی چال پر ہو اور یہ خانہ نمبر ۱۳ ہو گا۔ پھر اس تیرہویں خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کر کے اس کو اس خانہ میں لکھے جو اس خانہ سے گھوڑے کی چال پر ہو اور یہ چودھواں خانہ ہو گا۔ پھر اس چودھویں خانہ کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ

کرکے اس اعداد کو اس خانہ میں جمع کرے جو چودھویں خانے سے گھوڑے کی چال پر ہو اور یہ پندرھواں خانہ ہوگا پھر اس پندرھویں خانے کے اعداد میں مزید ایک عدد کا اضافہ کرکے اس خالی خانہ میں جمع کردے جو نقش کا سولھواں خانہ ہے نقش کی صحت کے ساتھ مکمل طور پر خانہ پری ہوگئی۔

تشریح خانہ ہائے کسری۔

نقش مربع کے بابت معلوم ہونا چاہئیے کہ اس نقش میں تین کسریں ہوتی ہیں۔ کسر (۱) کسر دو عدد کی اور کسر تین عدد باقی بچنے پر چونکہ مربع میں ان کے خانے جداگانہ ہیں۔ اگر بعد تقسیم اعداد کسر ایک عدد کی بچی ہے تو قاعدے کی رو سے خانہ نمبر ۱۳ میں اعداد حاصل شدہ میں مزید ایک عدد اضافہ کرکے اور اگر بعد تقسیم دو بچے ہیں تو خانہ نمبر ۹ میں ایک عدد اضافہ کے ساتھ اور اگر بعد تقسیم کسر تین ۳ کی بچی ہے تو خانہ نمبر ۵ میں ایک عدد اضافہ کے ساتھ اعداد لکھے جائیں نقش صحیح مرتب ہوگا ذیل میں مثالی نقوش سمجھنے کے لئے تحریر کئے جاتے ہیں۔

نقش مثالی بلا کسر

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش مثالی کسر (۱)

۸	۱۱	۱۵	۱
۱۴	۹	۷	۱۲
۳	۱۷	۹	
۱۰	۵	۴	۱۶

نقش مثالی کسر (۲)

۸	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۳
۳	۱۷	۱۰	۶
۱۱	۵	۴	۱۶

نقش مثالی کسر (۳)

۹	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۸	۱۳
۳	۱۷	۱۰	۷
۱۱	۶	۴	۱۶

قواعد تحریر تعویذات

علمائے نامدار اور حکمائے ذیوقار نے تعویذات کے لکھنے کے بابت بھی قوانین نافذ فرمائے ہیں جن تذکرہ اس جگہ اس لئے ضروری ہے کہ یہ قوانین بھی ارتکاب تحریر تعویذات میں رکن عظیم کی حیثیت رکھتے ہیں جن کا ترک کرنا عامل پر کسی صورت سے جائز نہیں، سب سے پہلے تو اقسام نقش سے واقف ہونا چاہیے اس لئے آگاہ ہو کہ نقش کی قسمیں دو ہیں۔ نقش عددی اور نقش عربی میں اس مقام پر فتیلہ وغیرہ کا ذکر اس لئے نہ کروں گا اس لئے کہ اس کتاب کو میں محض نقوش سے مرتب کر رہا ہوں اور یوں بھی میری کتابوں میں تذکرے وغیرہ کے بہت کم آتے ہیں۔ تعریف نقوش کو ذہن میں محفوظ رکھیئے

نقش عددی :۔ یہ نقش ہندسوں والا ہوتا ہے جیسا کہ مثال کے طور پر بیان کیا جا چکا ہے اور نمونے سطور بالا اور صفحات گذشتہ میں تحریر کئے جا چکے ہیں یہ نقش اسم یا آیات کے حروف کا ہندسہ بنا کر بھرا جاتا ہے خانہ پری کا طریقہ بتا چکا ہوں۔ ستخراج ابجد قمری کے ذریعہ سے کیا جاتا ہے

ابجد قمری کسے کہتے ہیں۔ اعداد حروف کیا ہیں۔ یہ آئندہ صفحات میں بیان کیا جائے گا۔ جس کسی شخص کو تعویذ لکھنے کی ضرورت پیش آئے اسے چاہیئے کہ وہ ان ساعات میں قلم بنا دے۔ برائے زبان بندی خواب بندی ساعت عطارد میں۔ برائے تیغ بندی ساعت مریخ میں۔ برائے دشمنی اور جدائی کے ساعت زحل میں۔ برائے محبت ساعت قمر یا مشتری۔ برائے ترقی رزق ساعت زہرہ۔ نیز اوقات تعویذات کے لکھنے کے یہ ہیں۔ بوقت صبح تعویذات محبت و ترقی رزق۔ اور وقت نیم چاشت تعویذات بیماری۔ وقت ظہر تعویذات عداوت۔ درمیان ظہر و عصر تعویذات زبان بندی۔ وقت نماز عشاء لکھے اور شرائط تعویذات کے لکھنے کے یہ ہیں کہ جملہ تعویذات کو بہ طہارت بدن اور باوضو لکھے اور بروقت لکھنے تعویذات اپنے کو عطر وغیرہ کی خوشبو سے معطر کرے اور تعویذ لکھنے سے پہلے عدد سب سے اوپر ۷۸۶ کی ضرور لکھے کہ یہ اعداد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ہیں اور جب نقش لکھے تو کسی سے کلام نہ کرے اور نہ عورات ناپاک و نامحرم کا سایہ پڑے۔ اگر تعویذ محبت کا لکھے تو عروج ماہ کا خیال رکھے۔ زوال ماہ میں اس تعویذ کو نہ لکھے کہ اثرات ناقص پیدا ہوں گے اول قلم ہاتھ میں لیوے پھر کاغذ داہنی ران پر رکھے اور کوئی چیز شیریں منہ میں رکھے اور شکر چراغ میں ڈالے اور تعویذ کو مشک اور زعفران سے پُر کرے اور خیال مطلوب کا اس طرح دل میں رکھے گویا سامنے موجود ہے اور منہ طرف خانہ حبیب کے کرے۔ (نوٹ:۔ تعویذ محبت برائے حرام کاری ہرگز نہ کرے ورنہ ہرگز ظہور میں نہیں آئے گا اور گنہگار الگ ہوگا)

قاعدہ اس کا یہ ہے کہ اگر چاہے کہ مرد عورت سے دوستی کرے تو نام عورت کا پہلے لکھے اور اگر چاہے کہ عورت مرد سے محبت کرے تو نام مرد کا عورت کے نام سے پہلے لکھے اور تعویذ واسطے دفع سحر و بیماری کے خوش و خرم ہو کر لکھے اور اگر عداوت کے واسطے لکھے تو اوّل کاغذ کو بائیں ران پر رکھے پھر قلم ہاتھ میں لے اور کوئی چیز ترش یا تلخ منہ میں رکھے اور تیل میں تھوڑا سرکہ اور ہینگ ملا کر جلاوے اور مہینے کے آخر میں کہ اس کو زوال ماہ بھی کہتے ہیں لکھے۔ ہدایت اس جگہ پر اس امر کی یہ کی جاتی ہے کہ تعویذ جدائی یا عداوت برائے عورت منکوحہ کے نہ لکھے ورنہ گنہگار ہوگا اور ایسے تعویذات اگر زوال ماہ میں لکھے گا بہت جلد فائدہ ہوگا اور تعویذات زبان بندی و تیغ بندی اور خواب بندی کا جب لکھے تو تھوڑا سا موم اپنے منہ کے اندر رکھ کر اس دانتوں سے دبائے اور جب تعویذ تمام ہو تو المنۃ اللہ کہے اور تعویذ زبان بندی کا شنگرف سے پُر کرے اور تعویذات جب تیغ بندی اور زبان بندی کا کہے تو پیپل گرو منہ میں رکھے۔

نقش عربی۔ یہ آیات عربی یا اسماء الہیہ کا ہوتا ہے در خانہ بہ خانہ عبارت کی صورت میں لکھا جاتا ہے اس میں حروف کے ہندسے نہیں بنائے جاتے۔

اقسام تعویذات

تعویذ کی قسمیں بھی اربعہ عناصر کے لحاظ سے جیسا کہ میں اس کتاب کے پہلے حصہ گنجینہ الفت میں کواکب کے مزاج و تخلیق انسان کے سلسلہ میں بیان کر چکا ہوں کہ صرف چار ہی عنصر پر مشتمل ہیں یعنی آگ۔ پانی۔ ہوا اور مٹی۔ یہی خاصیت علمائے تعویذات کی بھی رکھی ہے یعنی تعویذات بھی چار قسم کے ہیں یعنی آتشی بادی آبی و خاکی

kitaab Aamaal misar (((فہرست)))

whatsapp
03002293971

مزید تعریف اس کی یہ ہے کہ تعویذ آتشی اس کو کہتے ہیں جو کاغذ یا سفال آب نارسیدہ یا پوست ہرن یا لوح چینی یا جس چیز پر لکھیں قریب تنور یا دیگدان یا زیر آفتاب کے لکھیں تاکہ حرارت آفتاب یا آگ کی اس تعویذ پر پہونچتی ہے اور اس کو تنور یا دیگدان کے قریب دفن کریں اور جب تعویذ آتشی لکھیں تو ان باتوں کا خیال رکھیں کہ جس وقت یہ تعویذ لکھیں کہ منہ طرف مشرق کے ہو اور ایک نمانو پر بیٹھیں اور قریب دیگدان اور تنور کے لکھیں (نوٹ) میں آیات قرآنی اور اسمائے الٰہی کے جلانے کے سخت خلاف ہوں کہ یہ بہت بڑا گناہ ہے۔ تعویذات چاہے عددی ہوں یا عربی دونوں کی صورتیں ایک ہیں اگر یہ کہا جائے کہ ہندسوں کی وجہ سے آیات کی صورتیں تبدیل ہوگئیں تو ایسے لوگوں کا یہ عذر لنگ اس لئے قابل قبول نہیں کہ تاثیرات و فضیلت آیات الٰہیہ پورے طور پر اب بھی ان ہندسوں میں موجود ہیں جو قبل منتخراج الفاظ میں موجود تھیں اور اگر ایسا نہ ہوتا یعنی اثرات نقش عددی میں نہ ہوتے تو پھر نہ تو ایسے۔ نقوش فائدہ پہونچا سکتے ہیں اور نہ ان کے تحریر کرنے اور اور استعمال کرنے کی ضرورت ہی تھی اور نہ حکماء ان کے استعمال کرنے کا مشورہ دیتے اس کے معنی یہ ہوئے کہ نقوش عددی کا بھی احترام اسی قدر کرنا چاہیئے جیسا کہ نقوش عربی کا کیا جاتا ہے۔ ہاں اسماء کفاران و شیاطین کو حسب موقع خوب جلایئے اس کے لئے آپ کو کوئی منع نہیں کرے گا۔

تعویذ بادی اس کو کہتے ہیں کہ یہ تعویذ لکھ کر کسی درخت یا بلند جگہ پر لٹکایا جاتا ہے تاکہ ہوا سے ہلتا رہے یہ تعویذ برائے الفت و محبت اور زبان بندی لئے

واسطے لکھا جاتا ہے۔ تعویذ آبی اس کو کہتے ہیں جو حوض دریا اور تالاب وغیرہ کے کنارے بیٹھ کر لکھا جاتا ہے اور پانی میں مثل کوئیں، دریا حوض، تالاب وغیرہ میں ڈالا جاتا ہے یہ تعویذ آبی خلاصی قید اور تسخیر وغیرہ کے لئے لکھا جاتا ہے اور تعویذ خاکی اس کو کہتے ہیں جس کو لکھ کر چوکھٹ مکان کے نیچے چوراہے یا قبرستان یا پہاڑ وغیرہ میں دفن کرتے ہیں، یہ تعویذ بلا کی دشمن کے لئے ہوتا ہے۔ تعویذ بادی لکھتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ جس کے لئے یہ تعویذ لکھیں اس کے نام میں یہ گیارہ حروف نہ ہوں۔ ا۔ ب۔ ج۔ د۔ و۔ ق۔ ہ۔ ک۔ ر۔ ن ص۔ ط اور اونچے مکان پر بیٹھ کر لکھیں منہ طرف مغرب کے دریا حوض تالاب کے کنارے اور اگر بدن کا کوئی حصہ پانی میں ہو تو بہتر ہے یہ طریقہ تعویذ آبی کیلئے ہے اور اگر تعویذ آبی لکھیں تو منہ جانب شمال رکھیں اور تعویذ خاکی لکھتے وقت ان چار چیزوں کا خیال رکھے، مکان خالی ہو۔ منہ جانب جنوب ہو اور کچھ خوشبو مثل عود، عنبر وغیرہ کے جلتی ہو۔

تعویذات ستارے اور ایام ہفتہ

جس طرح تعویذات اور ستاروں کا باہمی تعلق ہے اور ایام ہفتہ پر جس عنوان سے اس کے اثرات مرتب ہوتے ہیں ان کا اظہار کم و بیش گنجینۂ الفت میں کیا جا چکا ہے لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ ان کا اعادہ اس جگہ پر پھر کیا جائے کیونکہ یہ منزل ایک بہت بڑی اہمیت کی مالک ہے چنانچہ جب عامل کو تعویذ لکھنے کی ضرورت پیش آوے تو اس کو چاہیئے کہ اولاً طالع سائل اور مسئول کا دریافت کرے تب اس کے ذریعہ سے ستاروں کا انتخاب کرے اور

اسی لحاظ سے بخورات درشن کرے پھر تعویذات کو تحریر کرے چنانچہ ستارو
کے لحاظ سے تعویذات کو اس طرح سے تحریر کرے کہ ستارہ زحل کی ساعت میں
کہ یہ ستارہ نحس اکبر ہے اور دنوں میں یوم ہفتہ سے تعلق رکھتا ہے اس
ستارے کی ساعت میں تعویذ. ہلاکی دشمن کا لکھنا چاہیئے اور ستارہ مریخ
کی ساعت میں کہ یہ ستارہ نحس اصغر اور کوتوال فلک ہے ایام ہفتہ
میں منگل کے دن سے متعلق ہے اس ستارے کی ساعت میں تعویذ
عداوت اور ہلاکی دشمن کے لئے بنائیں لیکن اس جگہ پر عامل دوؔ باتوں
کا خیال رکھے پہلی بات تو یہ کہ کام کے شروع کرنے یوم حکومت اس
ستارے کا یعنی منگل کا دن تو اختیار کر لیوے لیکن کام شروع کرتے
وقت ساعت کسی سعد ستارے کی لے کہ انجام کار بہتر ہوگا۔ دوسرے
زوال ماہ کا خیال رکھے اور ستارہ مشتری کے یوم حکومت میں کہ دن
اس کا جمعرات کا ہے سعد ستارے کی ساعت میں کہ جو دوست
اس ستارے کے ہیں تعویذات محبت اور حاضر ہونے غائب اور رفع
بیماری کا لکھا جاتا ہے۔ یہ ستارہ سعد اکبر ہے۔ ایام حکومت ستارہ
زہرہ کہ دن اس کا جمعہ کا ہے اور خود سعد اصغر ہے لہذا اس دن
تعویذات الفت. زبان بندی اور تیغ بندی کا لکھا جاتا ہے۔
ایام ہفتہ میں سے یوم بدھ (یعنی چہارشنبہ) ستارہ عطارد
کا دن ہے چنانچہ اس ستارے ساعت میں تعویذات محبت خواب بندی
اور تیغ بندی کا لکھا جاتا ہے یہ ستارہ مشترک ہے یعنی نیک کے ساتھ نیک اثرات

اور بد کے ساتھ بُرے اثرات کا مالک ہے شمس۔ یہ ستارہ سعد اکبر
اور سلطان الکواکب ہے ایام ہفتہ میں مخصوص طریقہ پر اتوار کے دن کا حاکم
ہے اس ستارے کی ساعت اور یوم حکومت میں تعویذات محبت اور شفائے
امراض وغیرہ کا لکھتے ہیں۔ ستارہ قمر کہ یہ سریع السیر ستارہ ایام ہفتہ میں
دوشنبہ یعنی پیر کے دن کا مالک ہے اور سعد اصغر ہے اس ستارے کی ساعت
اور یوم حکومت میں محبت، اخلاص اور شفائے امراض وغیرہ کا لکھتے ہیں
تذکرہ ساعات شب و روز صفحہ باب ۳ صفحہ ۱۴ اور تفصیل بخورات باب نمبر ۴
صفحہ نمبر ۱۵ و دوستی و دشمنی کواکب صفحہ نمبر ۴۶ کتاب گنجینۂ الفت میں جو اس
کتاب کا پہلا حصہ ہے تحریر کر چکا ہوں منگا کر ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

باب ۲

تذکرہ نقوش مثالی اور بیان رجال الغیب

یہ علم اس قدر وسیع دامن کا مالک ہے جس دوسرا سرا تلاش کرنے پر بھی
نظر نہیں آتا تلاس کرنے والوں کی جدوجہد اب بھی جاری ہے۔ نئی نئی راہیں
کھلتی جارہی ہیں لیکن منزل اختتامیہ، وہ ہنوز روز اوّل کی طرح اب
بھی نظروں سے بہت دور ہے اور جس کا کوئی پتہ نہیں۔ لیکن اس تلاش
سے ان گران قدر اصولوں کا ہاتھ آجانا جو اس عمارت کے مضبوط اور مستحکم

ستون ثابت ہوتے ہیں کچھ کم نفع بخش نہیں ہے۔ علماء ان اصولوں کو پرانے طریقوں میں شامل کرتے ہوئے ان کے لئے راستے مقرر کرتے اور نوآموز کو سمجھانے اور ذہن نشین کرانے کیلئے تمثیل کو بھی بیان کرنے سے گریز نہیں کرتے اور آخر کار یہ دریافت بھی پہلے کی پرانی صفوں میں شامل ہوکر پرانی ہو جاتی ہے۔ بہرحال ہر مبتدی کو ان حکماء اور علماء کا شکرگذار ہونا چاہیئے جنہوں نے اپنے کو خطرات میں ڈال کر عملیاتی دنیا کے ناہموار راستوں کو آنے والے نئے شائقین کے لئے ہموار کیا ذیل میں چند مربع نقوش مثالی جو عملیات کی بڑی بڑی کتابوں میں نظر سے گزرے ہیں اس رسالہ میں تحریر کر رہا ہوں۔ واقف کار کا ذکر نہیں کہ انہیں تو آگاہی ہے ہی البتہ ناواقف یہ اس وقت تک نہیں سمجھ سکتا کہ نقوش مربع میں خانۂ محبت کون سا ہے اور خانۂ عداوت کس کو قرار دیا جائے جب تک کہ اسے تبلایا اور ذہن نشین نہ کرایا جائے اور یہ واقفیت اور اس کا دائرہ عمل باب النقوش میں کچھ کم اہمیت کا مالک نہیں ہے۔ لہذا میرا مشورہ ہر صاحبِ ذوق مخصوص مبتدی کے لئے ہے کہ وہ ذہن نشین کریں۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

خانہ اوّل آتشی برائے صحت

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۱۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

خانہ دوم خاکی برائے محبت

خانہ سوم بادی برائے دولت

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

خانہ ۴ آبی خوف وامان اور دشمن

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

خانہ ۵ آتشی برائے امان غرق

۴	۹	۷	۱۴
۱۵	۶	۱۲	۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۵	۱۶	۲	۱۱

خانہ ۶ برائے بیماری وسرخ باوہ

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹

خانہ ۷ بادی برائے زیادتی مال

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۱۱	۸
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

خانہ ۸ آبی برائے جدائی

۴	۷	۹	۴
۱	۱۲	۶	۱۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱۱	۲	۱۶	۵

خانہ ۹ برائے فتح ہونے لڑائی

۱۱	۲	۱۶	۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴

خانہ ۱۰ برائے حصول عزت و علم

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

خانہ برائے وصل دوست

۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴

خانہ ۱۲ برائے صلح و مغلوبی دشمن

۱۱	۲	۱۶	۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴

خانہ ۱۳ برائے دفع کرم کشت

۱۵	۴	۵	۱۰
۶	۹	۱۶	۳
۱۲	۷	۲	۱۳
۱	۱۴	۱۱	۸

خانہ ۱۴ زیادتی کھیتی

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

خانہ ۱۵ برائے لانے معشوق

۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴

خانہ ۱۶ درستگی کام و جانے روبرو شاہان

۱۰	۵	۴	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۳	۲	۷	۱۲
۸	۱۱	۱۴	۱

بیان رجال الغیب

آگاہ ہو کہ رجال الغیب مردان غیب ہیں انہیں کو اوتاد۔ ابدال۔ قطب اور قطب الاقطاب بھی کہتے ہیں۔ جو کہ ہر کام کرنے میں شریک رہتے ہیں اور ہر معاملات مثلاً بابت روانگی سفر، ہر نیک کام کی ابتداء۔ وظیفہ خوانی نشستگی مراقبہ اور تحریر تعویذات میں اگر رجال الغیب روبرو پڑے برا ہو گا ہرگز کام کی ابتداء نہ کریں کیونکہ وہ کام انجام کار پایۂ تکمیل تک نہ پہونچ پائے گا۔ اگر دوستی کے واسطے کریں گے دشمنی پیدا ہو گی۔ ترقی رزق میں تنگی کا سامنا ہو گا۔ تباہی دشمن کے سلسلہ میں خود مبتلائے مصیبت ہو گا غرض کہ ہر کام الٹا ہو گا۔ شکار کھیلنے کیلئے اگر جائے گا خود زخمی ہو گا بادشاہ یا حاکم ذی اختیار کے روبرو جائے گا معتوب ہو گا پس چاہیئے کہ اس قاعدے کو اچھی طرح ذہن نشین کر لے کہ حکماء عملیات نے اس کے آٹھ بہت مقرر فرمائے ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ مشرق۔ مغرب۔ جنوب شمال۔ اگنی۔ ایسان۔ نیرت۔ بائب۔ چنانچہ ہر مہینہ کی پہلی تاریخ

سے لے کر تیس تاریخ تک کی تاریخیں ان آٹھوں جہت سے وابستہ ہیں۔
جس کا نقشہ حسب ذیل ہے لہذا چاہیئے کہ اولاً تو عامل ایسی حالت میں کام کی
ابتداء نہ کرے جو کہ بنایا ہوا اور اگر ایسی ہی مجبوری عائد ہے کہ کام ضرور شروع
تو اولاً حسب مقدرت مستحق کو صدقہ دیوے اور دعائے رجال الغیب جو
جو نقشہ کے نیچے تحریر کی جا رہی ہے بطریق ذیل پڑھ کر کام کی ابتدا کرے۔
انشا اللہ تعالی اثرات ناقص رجال الغیب کے کام پر اثر انداز نہ ہوں گے
نقشہ رجال الغیب یہ ہے۔

تواریخ نقشہ میں تحریر کر دی گئیں جن کا مطلب یہ ہے کہ ان تواریخ

اب دعائے رجال الغیب تحریر کر رہا ہوں طریقہ اس دعا کے پڑھنے
کا یہ ہے کہ ہر کار نو کی ابتدا کرتے وقت سب سے پہلے رجال الغیب کی جہت کو
معلوم کرے اگر دیکھے کہ اس کار نو کی ابتداء کے وقت رجال الغیب روبرو پڑ
رہے ہیں اور اس کار نو کا ترک بھی غیر ممکن ہے تو اس کو چاہیئے کہ اولاً حسب
مقدرت صدقہ دیوے کہ صدقہ ردّ بلا و مصیبت ہوتا ہے اس کے بعد جس جہت
میں رجال الغیب ہیں اس طرف رخ کر کے سات قدم آگے بڑھے جس طرح کسی
کا استقبال کیا جاتا ہے اور درود مندرجہ ذیل کو سات مرتبہ پڑھے اور وہ
درود مبارک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَجِّلْ
فَرَجَھُمْ وَ اَھْلِکْ عَدُوَّھُمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِرَحْمَتِکَ یَا
اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط اور پھر یہ دعا پڑھے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَۃِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ
یَا رِجَالُ الْغَیْبِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا نُجَبَاءُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ
یَا اَوْتَادُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَفْرَادُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ
یَا اُصْنَاءُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا غَوْثَاہُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ
یَا قُطْبُ الْاَقْطَابِ اَغِیْثُوْنِیْ بِغَوْثَۃٍ وَانْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَۃٍ
وَارْحَمُوْنِیْ بِرَحْمَۃٍ وَحَصِّلُوْنِیْ مُرَادِیْ وَمَقْصُوْدِیْ وَ
قُوْمُوْا اِلٰی حَوَائِجِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ
اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَاَصْحَابِہِ الْمُؤْمِنِیْنَ

برحمتک یا ارحم الراحمین ط

اب میں یہاں پر ان مختصر قواعد کے بابت بغرض آگاہی شائقین ایک مختصر نوٹ تحریر کر رہا ہوں جن سے واقف ہونا عامل کا ازبس ضروری ہے اور جن کو میں اس کتاب کے پہلے حصے میں تحریر کر چکا ہوں جس سے استمداد لی جا سکتی ہے۔ بیان منازل قمر صفحہ کے۔ بیان ہیئت و اشکال سیارگان صفحہ ۱۹۔ طریقہ دریافتگی منازل قمر صفحہ ۲۴۔ بیان سیر آفتاب در بروج صفحہ ۲۶۔ طریقہ استخراج آفتاب صفحہ ۲۹۔ دوسرا طریقہ استخراج قمر صفحہ ۳۱ بیان بروج صفحہ ۳۳۔ بیان بروج ثابت منقلب اور ذوجسدین صفحہ ۳۶ بیان دریافتگی طالع جات صفحہ ۳۷۔ بیان پرہیز جلالی و جمالی صفحہ ۳۸ تا ۴۰ بیان ساعات شب و روز صفحہ ۴۱۔ شرائط عمل صفحہ ۴۵۔ بیان دوستی اور دشمنی کواکب صفحہ ۴۶۔ بیان قمر در عقرب صفحہ ۴۸۔ بیان حروف تہجی صفحہ ۴۹۔ بیان بخورات صفحہ ۵۱۔ بیان زکوٰۃ حروف تہجی صفحہ نمبر ۵۳۔

تذکرہ ابجد قمری

اس جگہ مختصر طریقہ پر بیان ابجد قمری کے حروف اور ان کے اعداد و ہندسہ کا تحریر کرتا ہوں تاکہ اسماء الٰہیہ اور آیات قرآنی کے حروف کو اعداد میں تبدیل کرنے کی آسانی عامل کو میسر آسکے

ا ب ج د۔ ہ و ز۔ ح ط ی۔ ک ل م ن۔ س

۱ ۲ ۳ ۴۔ ۵ ۶ ۷۔ ۸ ۹ ۱۰۔ ۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰۔ ۶۰

ع ف ص۔ ق ر ش ت۔ ث خ ذ۔ ض ظ غ

۷۰ ۸۰ ۹۰۔ ۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰۔ ۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰۔ ۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰

باب ۳

باب نقوش محبت

میرے نقطہ نظر سے عنوان کتاب کے تحت ان کے علاوہ قواعد نقوش کے بابتہ کوئی ایسی بات نہیں رہ گئی جس کے سمجھانے اور ظاہر کرنے میں میں نے بخل سے کام لیا ہو البتہ اسمائے حسنیٰ اور حصار کا تذکرہ میں کتاب کے آخری حصہ میں کروں گا چنانچہ اس ضمن میں اگر کوئی تشنگی باقی رہ گئی ہے تو اس کو آپ میری دوسری کتابوں مثلاً "اکسیر العملیات" وغیرہ سے بجھا سکتے ہیں اس باب میں ان نقوش کو تحریر کر رہا ہوں جو محبت کی منازل میں عاملین کے بارہا کے آزمودہ ہیں جس قدر نقش اس کتاب میں کہے جا رہے ہیں ان سب پر ادائیگی زکوٰۃ لازم ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ جو کوئی جس نقش سے کوئی کام لینا چاہے اس کو اس کا عامل ہونا چاہیئے اور وہ عامل اس وقت تک نہیں بن سکتا جب تک اس کی زکوٰۃ نہ ادا کر دے چنانچہ اس کو چاہیئے کہ پینسٹھ (۶۵) نقش روزانہ لکھے۔ گندم کے آٹے میں گولی بنا دے اور نذر دریا کرے اور یہ عمل بلاناغہ بوقت و بہ مقام مقررہ پینسٹھ (۶۵) روز تک اعتقاد صادق بجالاوے زکوٰۃ پوری ہو گئی اب اگر تعویذ لکھے گا انشاء اللہ تعالیٰ یقیناً کام دے گا (یاد رکھیئے کہ بغیر محنت کے کچھ حاصل نہیں ہوتا)۔

برائے الفت ومحبت

ہر دو نقوش مندرجہ ذیل برائے حصول الفت و محبت اور ان میں مزید استحکام پیدا کرنے کے حق میں بے حد مفید اور عاملین کے بارہا کے آزمودہ ہیں کبھی خطا نہیں کرتے پس چاہیئے کہ اولاً ہر دو نقوش کی بموجب ہدایت صفحہ نمبر ۲۹ زکوٰۃ ادا کرے بعدہٗ ان دونوں نقوش کو لکھے اور قند سفید کی گولی میں لپیٹ کر دونوں طالب اور مطلوب کو کھلاوے ایک دوسرے کا دالہ و شیدا ہو جاوے گا اور وہ ہر دو نقوش یہ ہیں ۔ قاعدے کا خیال رکھے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۹۹۱۲	۱
۹۹۱۱	۲	۷	۴
۳	۹۹۱۴	۹	۶
۱۰	۵	۴	۹۹۱۳

۷۸۶

۲۴۸۲	۲۴۸۶	۲۴۸۹	۲۴۷۵
۲۴۸۸	۲۴۷۶	۲۴۸۱	۲۴۸۷
۲۴۷۷	۲۴۹۱	۲۴۸۴	۲۴۸۰
۲۴۸۵	۲۴۷۹	۲۴۷۸	۲۴۹۰

دیگر: بعد ادائیگی زکوٰۃ این نقش عروج ماہ میں بہ یوم حکومت مشتری یا زہرہ بہ خلوص نیت دو مست ستاروں کی ساعت میں اس نقش کو دو عدد تیار کرے ایک بازو پر بصورت تعویذ باندھے اور دوسرا لٹکا دے مطلوب محبت سے بے قرار ہو گا لٹکائے

۷۸۶

۶۰۰۹	۶۰۱۳	۶۰۱۶	۶۰۰۲
۶۰۱۵	۶۰۰۳	۶۰۰۸	۶۰۱۴
۶۰۰۴	۶۰۱۸	۶۰۱۱	۶۰۰۷
۶۰۱۲	۶۰۰۶	۶۰۰۵	۶۰۱۷

دیگر: جب زن وشوہر میں ناچاقی ہو گئی ہو یا دونوں یا دونوں میں سے کسی ایک نے محبت کو خیرباد کہہ دیا ہو تو چاہیئے کہ پہلے اس نقش کی زکوٰۃ ادا کرے بعدہٗ اس نقش کو جمعہ کے دن ساعت زحل میں لکھ کر اولاً بخورات کی دھونی دیوے اور اس کے بعد جس کا قصور کم ہو وہ اپنے پاس بصورت تعویذ رکھے انشاءاللہ تعالیٰ دوسرا مہربان ہو کر الفت کا دم بھرنے لگے گا مجرب ہے۔

۷۸۶

۱۵۳۸۱	۱۵۳۸۴	۱۵۳۸۷	۱۵۳۷۳
۱۵۳۸۶	۱۵۳۷۴	۱۵۳۸۰	۱۵۳۸۵
۱۵۳۷۵	۱۵۳۸۹	۱۵۳۸۲	۱۵۳۷۹
۱۵۳۸۳	۱۵۳۷۸	۱۵۳۷۶	۱۵۳۸۸

دیگر: اگر کسی عورت کا خاوند زبان دراز ہو گیا ہو اور اپنی زوجہ کی طرف ملتفت نہ ہوتا ہو تو ایسی حالت میں چاہیئے کہ اولاً اس نقش کی زکوٰۃ ادا کرے بعدہٗ اس نقش کو پیر کے دن ساعت قمر میں لکھے اور صحرا میں دفن کر دے شوہر مطیع ہو گا۔

۷۸۶

۳۴۳	۳۵۰	۲	۷
۶	۳	۳۴۷	۳۴۶
۳۴۹	۳۴۴	۸	۱
۴	۵	۳۴۵	۳۴۸

دیگر: زن وشوہر کے میل و ملاپ کے واسطے یہ نقش بہت سفید ہے اولاً زکوٰۃ ادا کرے اس کے بعد دو نقش لکھے ایک شوہر کو گھول کر پلاوے اور زوجہ اپنے بازو پر باندھے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

دیگر:۔ امر جائز کے لئے الفت
کی منزل میں یہ نقش بے نظیر ہے
اگر مطلوب کے دل میں نفرت پیدا
ہو چکی ہے تو چاہیئے کہ اولاً اس
نقش کی زکوٰۃ ادا کرے بعدہٗ

۷۸۶

۱۲	۱۵	۱۸	۵
۱۷	۶	۱۱	۱۶
۷	۲۰	۱۳	۱۰
۱۴	۹	۸	۱۹

عروج ماہ میں بہ روز جمعہ ستارہ زحل کی اوّل ساعت میں اس تعویذ کو۔
لکھے اور مصری یا شہد کے شربت میں اس نقش کو گھول کر پلادے خدا
چاہے تو مطلوب الفت طالب میں بے قرار ہو لیکن فعل حرام کے لئے ہرگز
ہرگز نہ کرے ورنہ گنہگار ہوگا۔

دیگر:۔ یہ گراں قدر اور بارہا
کا آزمودہ نقش منزل محبت میں
بہت زیادہ کارآمد ہے دو خاندانوں
میں لڑائی ہو چکی ہو یا زن و
شوہر میں نا اتفاقی پیدا ہو چکی

۷۸۶

۳۸	۴۲	۴۵	۳۱
۴۴	۳۳	۳۷	۴۳
۳۳	۴۷	۴۰	۳۶
۴۱	۳۸	۳۴	۴۶

ہے اور مصالحت کی تمام راہیں مسدود ہو چکی ہیں تو چاہیئے کہ اولاً تین
روزے پیہم رکھے یعنی تین دن برابر روزہ رکھے اور افطار کے وقت کشمش
منگا کر اس کو پاک پانی سے غوطہ دیوے بعدہٗ اس پر پنجتن پاک علیہم السلام
کی نذر دلادے اور اسی سے روزہ افطار کرے تیسرے روز بعد نماز عشاء
اس تعویذ کو لکھے اور صاحب حاجت اپنے بازو پر باندھے ان شاء اللہ کامیاب ہوگا

دیگر:۔ یہ نقش برائے تسخیر محبوب
بہترین اثرات کا مالک ہے حامل کو
چاہیئے کہ پہلے اس نقش کی زکوٰۃ ادا
کرے بعدہ نقش لکھ کر ہوا میں لٹکاوے

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

دیگر:۔ نقش ہذا محبت کی منزل میں
اکسیر ہے بروقت ضرورت لکھے اور
اپنے بازو پر باندھے لیکن پہلے زکوٰۃ
نقش مذکورہ کی ادا کرے مجرّب ہے

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

دیگر:۔ یہ نقش ایسے شوہروں کے
کے لئے ہے جو آوارہ ہو کر بیوی کی محبّت کو
خیر باد کہہ چکے ہوں چاہیئے کہ اس نقش
کو لکھ کر عورت سر کے بالوں میں رکھے

۱۲	۷	۱۵
۱۴	۱۱	۹
۸	۱۶	۱۰

دیگر:۔ یہ نقش برائے برآمد حاجات اور
فراوانی محبّت کے ہے چاہیئے کہ لکھ کر بازو
پر باندھے اور روزانہ بعد نماز فجر اپنی
کامیابی کی دعا اس نقش کو ہاتھ پر رکھ کر مانگے

۱۱۸	۱۱۳	۱۲۰
۱۱۹	۱۱۷	۱۱۵
۱۱۴	۱۲۱	۱۱۶

دیگر:۔ جو کوئی اس نقش کو لکھ کر
بازو پر باندھے اور روزانہ یا عدل
کی تلاوت ہزار بار کر خلائق مسخر ہو۔

۳۶	۳۰	۳۸
۳۷	۳۵	۳۲
۳۱	۳۹	۳۴

دیگر۔ نقش ہذا بابت اضافہ محبت
اور بر آنے مراد اکسیر ہے مراد کیلئے لکھ کر
بازو پر باندھے اور محبت کے لئے لکھ کر
مصری کے شربت میں گھول کر محبوب کو پلاوے

۷۵	۷۰	۷۷
۷۶	۷۴	۷۲
۷۱	۷۸	۷۳

دیگر۔ نقش مندرجہ ہذا برائے۔
محبت اکسیر ہے لکھے اور شربت میں
گھولے پھر پانچ بار یاواجد پڑھ کر محبوب
کو پلاوے جذبہ الفت بیدار ہوگا

۲۸	۲۲	۳۰
۲۹	۲۷	۲۳
۲۳	۳۱	۲۶

دیگر۔ نقش مندرجہ ہذا کو لکھے اور
مصری کے شربت میں گھولے اور اس پر
یامقدمُ نو بار پڑھ کر بہ صدق نیت دم
کرکے جس کو پلاوے وہ عاشق ہوجاوے

۸۴	۷۹	۸۷
۸۶	۸۳	۸۱
۸۰	۸۸	۸۲

دیگر۔ اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس
رکھے اور یا باطنُ کی مداومت کرے
مخلوق خدا کے دل میں اس کی الفت
بہت زیادہ ہوگی اور وہ یہ ہے۔

۴۴	۳۸	۴۶
۴۵	۴۳	۴۰
۳۹	۴۷	۴۲

دیگر۔ اس نقش کو لکھ کر بازو پر
باندھے اور یا والی کا ورد بہت زیادہ
کرے مسخر کرنے کے لئے اکسیر ہے۔

۳۹	۳۳	۴۱
۴۰	۳۸	۳۵
۳۴	۳۲	۳۷

دیگر۔ اگر زن و شوہر میں ناموافقت
ہو تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے
اور بستر طاہر پر بیٹھ کر اکیس بار یامانع
پڑھے انشاءاللہ عنقریب مبدل محبت ہو۔

۷۷	۷۱	۷۹
۷۸	۷۶	۷۳
۷۲	۱۰	۷۵

دیگر۔ نقش ہذا برائے الفت و محبت
اکسیر ہے ترکیب یہ ہے کہ بہ اعتقاد اس
نقش کو لکھے اور درخت میں لٹکاوے
جب نقش ہوا سے ہلے گا مطلوب بیقرار ہوگا

۲۲۵	۲۳۰	۲۲۷
۲۲۶	[illegible]	۲۲۲
۲۲۱	۲۲۸	۲۲۳

دیگر۔ نقش مبارکہ منزل تسخیر میں بہت
زود اثر ہے لکھ کر بازو پر باندھے
پھر وہ جس کسی شخص کے پاس جاویگا
مسخر ہوگا اور محبت پیش آوے گا۔

۱۰۰	۹۵	۱۰۳
۱۰۲	۹۹	۹۷
۹۶	[illegible]	۹۸

دیگر۔ نقش مندرجہ ہذا کو عروج ماہ
میں بساعت مشتری بروز جمعرات چاندی
کی انگشتری پر کندہ کراکر جو پہنے گا
خلائق مسخر و مطیع ہوگی مجرب ہے

۸۷	۸۲	۸۹
۸۸	۸۶	۸۴
۸۳	۹۰	۸۵

دیگر۔ یہ نقش مثلث منزل حب
میں بہت کارآمد ہے لکھ کر خانہ محبوب کے
رخ پر درخت میں لٹکا دے تا کہ ہوا سے ہلے

۷۵۰	۷۵۵	۷۴۸
۷۴۹	۷۵۱	۷۵۳
۷۵۴	۷۵۶	۷۵۲

دیگر۔ یہ نقش مثلث تسخیر عالم کے لئے بہت پر اثر ہے طریقہ فولاد کے ۔ ایک صیقل شدہ ٹکڑے پر کندہ کرا کر عورت اپنے جوڑے اور مرد پگڑی میں رکھے

۷۹۵	۸۰۰	۷۹۳
۷۹۴	۱۹۶	۷۹۸
۷۹۹	۷۹۲	۷۹۷

دیگر۔ یہ نقش عام طریقہ پر لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور ان کے دل میں محبت پیدا کرنے کا بے پناہ اثر رکھتا ہے باقاعدہ لکھ کر اپنے پاس رکھے ۔

۱۳۸	۱۴۳	۱۳۶
۱۳۷	۱۳۹	۱۴۱
۱۴۲	۱۲۵	۱۴۰

دیگر۔ یہ نقش طالب و مطلوب کو ملانے اور دونوں کے دلوں میں محبت پیدا کرانے میں اکسیر ہے اس کو لکھے اور شربت انار میں محو کر کے دونوں کو پلا دے بنتظر ہے

۱۹۸	۲۰۳	۱۹۶
۱۹۷	۱۹۹	۲۰۱
۱۰۲	۱۹۵	۲۰۰

دیگر۔ یہ نقش عشق و محبت میں کامیابی حاصل کرنے کے واسطے بے حد موثر ہے خوشبو سلگانے کے بعد اس نقش کو سیپ پر لکھے اور دریا میں ڈالے مجرب ہے

۲۰۷	۲۱۲	۲۰۵
۲۰۶	۲۰۸	۲۱۰
۲۱۱	۲۰۴	۲۰۹

دیگر۔ نقش ہذا کو بہ شرط لکھے اور اکیس (۲۱) روز تک روزانہ نوے نقش لکھ کر دریا میں ڈالے مراد بر آئیگی انشاء اللہ تعالے

۵۴	۴۸	۵۶
۵۵	۵۳	۵۰
۴۹	۵۷	۵۲

باب ۴

باب نقوش نفرت وعداوت و تحفظ وغیرہ

باب ہذا میں ان تمام نقوش کو شل نقوش محبت مندرجہ باب گذشتہ کے زیادہ سے زیادہ سپرد قلم کرنے کی کوشش کروں گا جو نفرت وعداوت وتباہی و بربادی دشمنان سے متعلق ہیں ۔ اس باب میں بھی لبطور یاددہانی کہ یہ نقوش حتمی طور پر اسی وقت کارآمد ہوں گے جب سب سے پہلے ان زکوٰۃ ادا کی جائے تذکرہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ ادائیگی زکوٰۃ کے بعد شرائط تحریر تعویذات کے پیش نظر صحت کے ساتھ لکھے بھی جائیں لیکن اگر صحت ترتیب کا خیال نہ رکھا گیا تب بھی اثرات اس کے ظاہر نہ ہوں گے ۔ اس لئے جملہ شرائط کا پورا ہونا ضروری ہے ۔ پھر بداعتقاد بھی ہو چکے ہیں تو آپ کی بداعتقادی جاتی رہے گی اور اس کے اثرات آپ کو پھر اپنے اعتماد میں لے لیں گے ۔ لیکن تباہی و بربادی بالات دشمنان کے سلسلے میں اس قدر ضرور عرض کروں گا کہ آپ اپنے دشمنوں کے خلاف اگر انتقامی روحانی کارروائی نہ کریں تو یہ بہت زیادہ بہتر ہوگا یا تو اس کو معاف کر دیں یا مرضی الٰہی پر چھوڑ دیں کہ اس سے بہتر سزا کا دینے والا کوئی دوسرا نہیں ہے ۔ اب نقوش باب ہذا ملاحظہ فرمایئے

دیگر۔ اگر کسی دشمن نے پریشان کر رکھا ہے اور باوجود ہزار ہا تدابیر کے اپنی حرکتوں سے باز نہیں آتا تو چاہیئے کہ اس کو مہربان کرنے کیلئے عروج ماہ میں

٥١	٤٦	٥١
٥٢	٥	٤٨
٤٧	٥٤	٤٩

پنجشنبہ کے دن ہرن کی جھلی پر مشک اور زعفران سے اس نقش کو لکھے اور اپنے بازو پر باندھے انشاالله تعالیٰ دشمن مہربان ہو کر دشمنی سے باز آجائے گا۔

دیگر۔ اگر دشمن نے اپنے کرتوتوں سے عاجز کر رکھا ہے اور اب کوئی صورت اس کے شر سے بچنے کی باقی نہیں رہ گئی ہے تو اس پر غلبہ حاصل کرنے کیلئے چاہیئے کہ کسی مہینے میں لوچندی جمعرات کو روزہ رکھے شام کے وقت بعد افطار و ادائے نماز مغرب سورہ شوریٰ (حمٓ عسٓقٓ) کاغذ پر مشک اور زعفران سے لکھ کر گلے میں بصورت تعویذ ڈالے انشاالله دشمن پر غالب رہے گا اور نقش ہذا

٧١٢	٧١٥	٧١٨	٧٠٥
٧١٧	٧٠٦	٧١١	٧١٦
٧٠٧	٧٢٠	٧١٣	٧١٠
٧١٤	٧٠٩	٧٠٨	٧١٩

ہرن کی جھلی پر لکھ کر بازو پر باندھے انشاالله تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہو جائیگی

دیگر۔ اگر کوئی شخص اپنے کسی دشمن کے ہاتھوں بہت زیادہ پریشان ہو تو اس کو چاہیئے کہ شب جمعہ کو پوست آہو پر اصلی مشک اور اصلی زعفران سے **سورۃ ماعون** لکھے اور بازو پر باندھے انشاالله تعالےٰ دشمن کو ہر قدم پر شکست اور ذلت نصیب ہو گی۔

دیگر۔ نقش مثلث مندرجہ ہذا کو میں پہلے نقوش محبت میں تحریر کر چکا ہوں یہ نقش باہم دو دوستوں میں عداوت پیدا کرنے کیلئے بھی مفید ہے

٧٥٠	٧٥٥	٧٤٨
٧٤٩	٧٥١	٧٥٣
٧٥٤	٧٤٧	٧٥٢

طریقہ اس کا یہ ہے کہ زوال ماہ بروز ہفتہ بساعت زحل الگ الگ دو نقوش تیار کرے اور نقش کے نیچے البغض فلاں بن فلاں (نام دوست معہ نام والدہ) مابین فلاں بن فلاں (نام دوسرے دوست اور اس کی والدہ کا) لکھ کر ایک ایک نقش دونوں کے مکان کے صدر دروازے کی چوکھٹ کے نیچے دفن کرے جب تک نقوش دفن رہیں گے دونوں کے درمیان عداوت قائم رہے گی۔ مجرّب و موثّر ہے۔

دیگر۔ اگر دو یا کئی آدمیوں کے درمیان جو باہم دوست ہوں عداوت پیدا کرانی مقصود ہو تو چاہیئے کہ اس نقش کو کپڑے یا چمڑے کے ٹکڑے پر

٤٧٠	٤٧٥	٤٦٨
٤٦٩	٤٧١	٤٧٣
٤٧٤	٤٦٧	٤٧٢

